دوسرے ممالک سے ناروے میں آمد کے بارے میں

تاریخ: 22.02.2021

دوسرے ملکوں سے آنے والے انفیکشن کا خطرہ کم کرنے کے لیے حکومت نے ناروے میں غیر ملکیوں کے داخلے پر مزید پابندیاں لگا دی ہیں۔ بنیادی اصول کے طور پر صرف ان غیر ملکیوں کو ناروے میں داخل ہونے کی اجازت ملے گی جو ناروے میں آباد ہیں۔ یہ اصول یورپیئن اکنامک ایریا کے شہریوں کے لیے بھی ہے۔

لازمی ٹیسٹنگ، ملک میں آمد کی رجسٹریشن، کوارنٹین اور کوارنٹین ہوٹل کا اطلاق اب بھی ان لوگوں پر ہوتا رہے گا جنہیں ملک میں داخلے پر پابندیوں سے استثنا حاصل ہے۔

اب مندرجہ ذیل گروہوں کو ملک میں داخلے کی اجازت نہیں ہے:

- یورپیئن اکنامک ایریا میں رہائش رکھنے والے غیر ملکی اور یورپیئن اکنامک ایریا کے وہ شہری جو کسی تیسرے ملک میں رہائش رکھتے ہیں (سوائے اسکے کہ وہ ایسے استثنا کے تحت آتے ہوں جو تیسرے ملک کے شہریوں کے لیے بھی ہے)۔
- خاندان کے وہ افراد جو قریبی اہلخانہ نہیں ہیں، یورپیئن اکنامک ایریا کے شہریوں کے سلسلے میں بھی اور دوسروں کے سلسلے میں بھی۔ اس کا مطلب ہے کہ دادا دادی، نانا نانی، بالغ اولاد، بالغ اولاد کے والدین اور بوائے فرینڈز/گرل فرینڈز اب ملاقات کے لیے نہیں آ سکتے۔
- یورپیئن اکنامک ایریا سے باہر کے ممالک کے وہ غیر ملکی جنہیں کام یا تعلیم کے لیے اقامتی اجازت نامہ ملا ہو، جس میں موسمی کام کے لیے اور بطور طالبعلم آنا بھی شامل ہے۔
- وہ غیر ملکی جنہیں فلم یا سیریز بنانے پر کام کرنا ہو یا ایسے محقق کے طور پر آنا ہو جسے اقامتی اجازت نامے کے تقاضے سے استثنا حاصل ہے۔

اب بھی کچھ گروہوں کے لیے استثنا دیا جا رہا ہے۔ جن گروہوں کو داخلے کی اجازت مل رہی ہے، ان میں یہ شامل ہیں:

- ناروے میں رہنے والے غیر ملکی
- اگر خاص وجوہ کی بنا پر کسی غیر ملکی کو داخلے کی اجازت دینا مناسب ہو جیسے ناروے میں موجود افراد کی نگہداشت کی خصوصی ذمہ داری یا لوگوں کی بہبود سے تعلق رکھنے والی دوسری اہم ضروریات کا لحاظ کرتے ہوئے
- وہ غیر ملکی جنہیں اپنے بچوں سے ملاقات کے لیے آنا ہو
- ناروے میں مقیم افراد کے قریبی اہلخانہ یعنی شوہر/بیوی یا رجسٹرڈ پارٹنر/بغیر شادی کے ساتھ رہنے والا، نابالغ بچے یا سوتیلے بچے، نابالغ بچوں کے والدین یا سوتیلے والدین
- صحافی اور وہ دیگر عملہ جو غیر ملکی میڈیا کے ادارے کا کام کرنے آ رہے ہوں

- وہ غیر ملکی جو ناروے میں ایئرپورٹ پر ٹرانزٹ لینڈنگ کریں گے (انٹرنیشنل ایئرپورٹ ٹرانزٹ میں بھی اور شینگن کے اندر بھی)
- بحری جہازوں کا عملہ اور فضائی سفر کا عملہ
- سامان اور افراد کی ٹرانسپورٹ کا کام انجام دینے والے غیر ملکی
- اپنی ملازمت میں انتہائی اہم معاشرتی فرائض انجام دینے والے غیر ملکی
- سویڈن اور فن لینڈ کا طبی عملہ جو ناروے میں صحت و نگہداشت کے نظام میں ملازمت کرتا ہے
- وہ بچے اور طالبعلم جو سویڈن یا فن لینڈ سے چھوٹے بچوں کے نگہداشتی مرکز، پرائمری اور ہائی سکول یا اپر سیکنڈری سکول کے لیے آتے جاتے ہیں اور وہ افراد جنہیں گھر اور چھوٹے بچوں کے مرکز یا سکول کے درمیان ضروری ٹرانسپورٹ مہیا کرنی ہو
- 20 فروری 2021 سے یہ استثنا مل سکتا ہے کہ روزگار کے لیے آنے والوں کے داخلے پر پابندی ہٹا دی جائے جنہیں NFD (منسٹری آف ٹریڈ، انڈسٹری اینڈ فشریز) کے زیر انتظام درخواستوں کی سکیم کے تحت ملک میں داخلے کے لیے منظوری ملی ہو۔ یہ ایک بہت محدود، درخواست کی بنیاد پر مہیا، سکیم ہے جس کا مقصد کاروباری شعبے کو وہ عملہ مہیا کرنا ہے جو کاروبار کے لیے نہایت ضروری ہے۔

اس بارے میں رہنمائی کے لیے کن کاموں کو نہایت اہم معاشرتی فرائض سمجھا جاتا ہے، مندرجہ ذیل فہرست کا حوالہ دیا جاتا ہے:

- ہنگامی حالات میں کنٹرول اور قیادت کا کام
- دفاع
- امن و امان
- صحت و نگہداشت جس میں فارمیسی اور صفائی کا کام بھی شامل ہے
- ریسکیو سروس (مصیبت میں پھنسے لوگوں کو بچانا)
- سِول سیکٹر میں ڈیجیٹل سیکیورٹی
- فطرت اور ماحول
- بجلی کی سپلائی کی سیکیورٹی
- پانی اور سیوریج
- مالیاتی خدمات
- بجلی کی سپلائی
- الیکٹرانک کمیونیکیشن
- ٹرانسپورٹ

- سیٹیلائٹ کے ذریعے فراہم کی جانے والی خدمات

وضاحت کی خاطر بتایا جا رہا ہے کہ تمام نارویجن شہری اب بھی ناروے میں داخل ہو سکتے ہیں۔ یہ تبدیلیاں انفیکشن کی حالیہ صورتحال یعنی وائرس کی بدلی ہوئی قسموں کے تیزی سے پھیلاؤ کے نتیجے میں کی جا رہی ہیں اور یہ انفیکشن کی صورتحال پر قابو پانے کے لیے ایک عارضی اقدام کے طور پر ہیں۔

ملک میں داخلے کی رجسٹریشن

انفیکشن پر بہتر کنٹرول کے لیے سرخ ممالک سے ناروے آنے والے تمام مسافر سرحد پار کرنے سے پہلے اپنی رجسٹریشن کریں گے۔ یہ اصول نارویجن شہریوں کے لیے بھی ہے۔

مسافر ناروے میں آمد سے **پہلے** خود کو رجسٹر کریں گے اور سفر کی رجسٹریشن صرف تب ہو سکتی ہے جب ملک میں داخلے میں 72 گھنٹوں سے کم وقت ہو۔

- [ملک میں داخلے کی ڈیجیٹل رجسٹریشن]

آپ اپنی ڈیجیٹل رجسٹریشن کریں گے۔ رجسٹریشن مکمل کرنے کے بعد آپ کو ایک رسید ملے گی جو آپ سرحد پر چیکنگ کے وقت پولیس کو دکھائیں گے۔
مسافروں کو صرف وہ تفصیلات رجسٹر کرنے کے لیے کہا جائے گا جو ان مقاصد کے لیے لازمی ضرورت ہیں۔ اس ڈیٹا کو بحفاظت رکھا جائے گا اور 20 دن بعد تلف کر دیا جائے گا۔ صرف حکام کو اس ڈیٹا تک رسائی حاصل ہے۔
رجسٹریشن کے متعلق سوالات یا مدد لینے کے لیے آپ یہاں فون کر سکتے ہیں 70 28 41 33 47+

Zarejestruj telefonicznie +47 33 41 28 70

Inregistrat de telefon +47 33 41 28 70

регистрируйтесь по телефону +47 33 41 28 70

Registruokitės telefonu +47 33 41 28 70

کوارنٹین

ملک میں داخل ہونے والے سب لوگوں کو 10 دن کوارنٹین میں رہنا ہو گا۔ کوارنٹین سے جلد از جلد ساتویں دن پر نکلا جا سکتا ہے بشرطیکہ مسافر آمد کے بعد دو دفعہ COVID-19 ٹیسٹ کا منفی نتیجہ حاصل کر چکا ہو۔

- [سفری کوارنٹین کے متعلق مزید معلومات]

کوارنٹین ہوٹل

جن لوگوں کے پاس ناروے میں اپنی مستقل رہائشگاہ (کرایے پر یا اپنی ملکیت میں) نہیں ہے یا جنھیں آجر یا کانٹریکٹ دینے والے کی طرف سے کوارنٹین کے لیے مناسب جگہ فراہم نہیں کی گئی، انہیں کوارنٹین ہوٹل میں رہنا ہو گا۔

- [کوارنٹین ہوٹل کے متعلق معلومات]()

ملازمین/کارکنوں کے لیے کوارنٹین کے مقام کی پہلے منظوری ضروری ہے (22 فروری سے)

جن ملازمین/کارکنوں کو ناروے میں آنے کی اجازت مل رہی ہے، انہیں اب بھی کوارنٹین کے سخت اصولوں کی پابندی کرنی ہو گی۔

جو آجر غیر ملکی کارکنوں کے رہنے کے لیے جگہ فراہم کریں، انہیں پہلے اس قیامگاہ کی منظوری نارویجن لیبر انسپیکشن اتھارٹی (Arbeidstilsynet) سے لینی ہو گی۔

- [arbeidstilsynet.no پر مزید تفصیل پڑھیں اور درخواست فارم دیکھیں]()

سفری کوارنٹین مکمل کرنے کے لیے مناسب قیامگاہ کی تصدیق

جن لوگوں کے پاس ناروے میں اپنی مستقل رہائشگاہ (کرایے پر یا اپنی ملکیت میں) نہیں ہے، انہیں کوارنٹین ہوٹل میں رہنا ہو گا یا انہیں یہ تصدیق مہیا کرنے کے قابل ہونا چاہیے کہ ناروے میں آمد پر کوارنٹین پوری کرنے کے لیے ان کے پاس مناسب قیامگاہ ہے۔ یہ تصدیق نامہ وہ شخص مکمل کرے گا جو قیامگاہ مہیا کر رہا ہو۔

مناسب قیامگاہ مہیا کرنے والے کو یہ یقینی بنانا ہو گا کہ مسافر کو ناروے میں آمد سے پہلے تصدیق نامہ مل چکا ہو۔ نیچے دیے گئے فارم استعمال کیے جا سکتے ہیں لیکن حکام ای میل وغیرہ بھی قبول کر سکتے ہیں جس میں مناسب قیامگاہ کی تصدیق ہو۔ **آپ کا یہ سمجھ لینا بہت اہم ہے کہ دوسرے لوگوں کی نسبت ناروے میں آنے والے کارکنوں کے لیے کڑے تقاضے ہیں۔ اوپر درج معلومات پڑھیں۔**

- [مناسب قیامگاہ کی تصدیق (آجروں کے لیے نہیں ہے۔ مزید معلومات اوپر دیکھیں)]() **Bekreftelse på egnet oppholdssted (Ikke for arbeidsgivere. Se mer informasjon over)**

اگر رجسٹریشن کے متعلق آپ کا کوئی سوال ہے یا آپ کو مدد کی ضرورت ہے تو آپ پر فون کر سکتے ہیں۔

منگل 23 فروری سے پہلے کی رات کو آدھی رات سے: یہ حالیہ اصول کہ ناروے میں روزگار کے علاوہ دوسرے مقاصد سے آنے والے افراد کسی اور مناسب قیامگاہ میں کوارنٹین پوری کر سکتے ہیں، بہت محدود کر دیا جائے گا۔ اب بنیادی اصول یہ ہے کہ اس گروپ کو ہوٹل میں کوارنٹین پوری کرنی ہو گی۔ جن افراد کو خاص وجوہ سے داخلے پر پابندیوں سے استثنا ملتا ہے، وہ اب بھی کوارنٹین ہوٹل میں ٹھہرنے سے استثنا حاصل کر سکیں گے، بشرطیکہ وہ یہ تصدیق مہیا کر سکتے ہوں کہ ان کے پاس کوارنٹین کے عرصے کے لیے کوئی اور مناسب قیامگاہ ہے۔

لازمی ٹیسٹنگ

سرحد پر لازمی ٹیسٹنگ متعارف کروائی گئی ہے۔ اگر آپ پچھلے 14 دنوں میں کسی ایسے ملک یا علاقے میں وقت گزار چکے ہیں جہاں کوارنٹین لازمی ہے تو آپ ناروے میں آمد پر کرونا وائرس ٹیسٹ کروائیں گے۔ یہ اصول نارویجن شہریوں کے لیے بھی ہے۔

وہ تمام افراد جو برطانیہ، جنوبی افریقہ، آئرلینڈ، ہالینڈ، آسٹریا، پرتگال اور برازیل میں وقت گزار چکے ہیں، وہ سرحد پار کرنے کے مقام پر PCR طریقے سے اپنا ٹیسٹ کروائیں گے (ایکسپریس ٹیسٹ نہیں)۔

جو غیر ملکی سفر سے پہلے اپنی رجسٹریشن نہ کریں یا سرحد پر ٹیسٹ نہ کروائیں، انہیں واپس بھیجا جا سکتا ہے۔

اس کے ساتھ ساتھ غیر ملکی مسافروں کو SARS-CoV-2 ٹیسٹ کا منفی نتیجہ بھی دکھانا ہو گا۔ ضروری ہے کہ یہ ٹیسٹ ناروے میں داخلے سے پہلے کے 24 گھنٹوں کے دوران ہوا ہو۔ ہوائی جہاز سے ناروے آنے والے افراد فضائی سفر کے پہلے حصے کے آغاز کے طے شدہ وقت سے پہلے کے 24 گھنٹوں کے دوران کروایا گیا ٹیسٹ پیش کر سکتے ہیں۔ یہ فضائی سفر ڈائریکٹ ناروے تک ہو سکتا ہے یا ایک ہی فلائٹ کی صورت میں ہو سکتا ہے جو درمیان میں دوسرے ایرپورٹس پر ٹرانزٹ لینڈنگ کرتی آئی ہو۔

لازمی ٹیسٹنگ کے بارے میں مزید معلومات (helsenorge.no)

کچھ گروہوں کو ان اصولوں سے استثنا حاصل ہے جیسے نہایت اہم معاشرتی فرائض انجام دینے والا عملہ اور 12 سال سے کم عمر کے بچے۔

ملک میں آمد، ٹیسٹنگ اور کوارنٹین کے لیے معلوماتی فون سروس

- ناروے سے کال کرنے کے لیے: 815 55 015
- دوسرے ممالک سے کال کرنے کے لیے: 40 78 93 21 47+